**06.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں کرتویہ پتھ پر، کرتویہ بھون-3 کا افتتاح کیا۔

☆ اُترکاشی ضلع میں، بادل پھٹ جانے کے سبب، کھیرگنگا دریا میں تباہ کُن سیلاب سے ابھی تک 150 لوگوں کو بچایا جاچکا ہے۔

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں مختلف معاملات پر اپوزیشن پارٹیوں نے رکاوٹ ڈالی۔

☆ RBI نے ریپو ریٹ میں کوئی تبدیلی نہ کرتے ہوئے اِسے ساڑھے پانچ فیصد پر برقرار رکھا ہے۔ اُس نے GDP کی شرح ترقی، ساڑھے چھ فیصد رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور ، IMD نے اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، اترپردیش اور کیرالہ میں انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM KARTAVYA BHAWAN**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلی میں کرتویہ پتھ پر، کرتویہ بھون 3 کا افتتاح کیا۔ وزیر اعظم نے نئی عمارت کا جائزہ بھی لیا اور اُس کی خصوصیات کو بھی سراہا۔ مکانات اور شہری امور کے مرکزی وزیر منوہر لال بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کرتویہ بھون 3 سینٹرل وسٹا کی وسیع تر کایا پلٹ کا حصہ ہے۔ یہ آئندہ قائم ہونے والی ان کئی مشترکہ عمارتوں میں پہلی عمارت ہے، جن کا مقصد انتظامی عمل کو مربوط بنانا اور مستحکم حکمرانی میں سہولت پیدا کرنا ہے۔ جناب مودی آج شام کو ایک عوامی جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔×

**Utttrakhand - Ganga River**

اتراکھنڈ کے اترکاشی ضلع میں بادل پھٹنے سے دھرالی میں کھیر گنگا دریا میں اچانک تباہ کن سیلاب آنے کے بعد بچاؤ اور امدادی کارروائی زور و شور سے جاری ہے۔ بھارتی فوج، NDRF، SDRF، ضلع انتظامیہ اور دیگر متعلقہ ایجنسیاں، امدادی کام میں سرگرمی کے ساتھ شامل ہیں۔

اِدھر ریاست کے وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے آج متاثرہ علاقوں کا فضائی معائنہ کیا اور اترکاشی میں قدرتی آفات سے متعلق کنٹرول روم میں راحت اور بچاؤ کارروائی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ جناب دھامی نے کہا کہ اگرچہ کُچھ سڑکوں اور پُلوں کو ہونے والا نقصان امدادی کوششوں کے لیے ایک چیلنج ہے، پھر بھی سبھی ایجنسیاں تندہی کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔

**SB - Pushkar Singh Dhami**

وزیر اعظم نریندر مودی نے اترکاشی ضلع میں دھرالی میں جاری راحت اور بچاؤ کارروائی کے بارے میں تازہ جانکاری حاصل کرنے کے لیے اترا کھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی سے فون پر بات کی اور مرکزی سرکار کی طرف سے ہر ممکن امداد کا یقین دلایا۔

اترا کھنڈ کے وزیر اعلیٰ نے تشکر کا اظہار کیا اور کہا کہ سبھی متاثرہ لوگوں کو بحفاظت باہر لانے کے لیے بھر پور کوشش کی جارہی ہے۔

اِدھر NDRF کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل محسن شاہدی نے بتایا کہ تقریباً 150 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ انہوں نے اِس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ 100 سے زیادہ لوگ زخمی یا لاپتہ ہیں، لیکن ابھی اِس کی تصدیق نہیں ہوئی ہے۔

**SB - Mohsin Shahidi**

اِدھر موسمیات محکمے نے پوری ریاست میں آنے والے دنوں میں بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ گذشتہ تین دن سے بارش کے سبب ریاست کے مختلف حصوں میں روز مرہ کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ پہاڑی خطوں میں چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے کئی مقامات پر سڑکیں بند ہوگئی ہیں۔ ریاست کے بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح میں کافی اضافہ ہوا ہے اور کُچھ دریا خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔

اُدھر رودرپریاگ ضلع میں لگاتار بارش ہونے کی وجہ سے کیدارناتھ یاترا اگلے 24 گھنٹے کے لیے عارضی طور پر روک دی گئی ہے۔×

**Parliament Uttarakhand**

ہری دوار سے بی جے پی کے لوک سبھا ممبر پارلیمنٹ تریوندر سنگھ راوت نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار اور اترا کھنڈ سرکار، اترکاشی میں مل کر بچاؤ کارروائی انجام دے رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مرکزی سرکار نے بچاؤ کارروائی میں تیزی لانے کے لیے بڑے ہیلی کاپٹر لگائے ہیں۔×

**Parl Adjourn**

مختلف معاملات پر اپوزیشن کے شور وغل کے تناظر میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی 2 بجے تک کے لیے ملتوی ہوگئی ہے۔

جب پہلی بار ملتوی ہونے کے بعد لوک سبھا کی کارروائی دن میں 12 بجے پھر شروع ہوئی تو مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے مالی سال 2025-26 کے لیے منی پور سے متعلق اخراجات اور گوشوارے پر مشتمل ایک بیان پیش کیا۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بھی 2023-24 کے لیے کرم یوگی بھارت کی سالانہ رپورٹ کی ایک نقل پیش کی۔

صدر نشیں دلیپ سیکیا نے سوالوں کے وقفے کی کارروائی چلانے کی کوشش کی، لیکن اپوزیشن کے ارکان ایوان کے وسط میں آگئے اور ووٹر فہرست پر خصوصی تفصیلی نظر ثانی معاملے پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے نعرے بازی شروع کردی۔

جناب سیکیا نے کہا کہ ایوان میں ہر روز پوسٹر اور تختیاں لانا اور کارروائی میں رکاوٹ پیدا کرنا صحیح نہیں ہے۔ انہوں نے اپوزیشن رہنماؤں پر زور دیا کہ وہ تعمیری رول ادا کریں اور ایوان کا کام کاج ہونے دیں۔ صدر نشیں نے احتجاج کرنے والے ارکان سے بار بار اپیل کی کہ وہ اپنی سیٹوں پر واپس چلے جائیں، لیکن اُن پر اِس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ جب شور وغل ہوتا رہا تو صدر نشیں نے کارروائی دو پہر 2 بجے تک کے لیے ملتوی کردی۔

اِس سے قبل آج دن میں 11 بجے جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو اسپیکر اوم برلا نے جاپان میں ہیروشیما اور ناگاساکی پر 1945 میں ایٹم بم گرانے کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا، جس میں بڑی تعداد میں لوگوں کی موت ہوئی تھی اور کئی زخمی ہوئے تھے۔

**SB - 1400 - Om Birla World Weapon Free**

اِدھر راجیہ سبھا میں بھی اِسی طرح کے منظر دیکھنے میں آئے۔ دن میں 11 بجے جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو ایوان کے سابق ممبر ستیہ پال ملک کو خراج عقیدت پیش کیا گیا، جن کا کُل نئی دلّی میں انتقال ہوگیا تھا۔ اِس کے بعد اپوزیشن ارکان نے اپنے معاملات اُٹھاتے ہوئے احتجاج شروع کردیا۔ ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے کہا کہ چونکہ یہ وقفۂ صفر ہے، اِس لیے کئی ارکان فوری عوامی اہمیت کے حامل معاملات اُٹھانا چاہتے ہیں اور ایوان کی کارروائی میں خلل ڈالنا مناسب نہیں ہے۔ شور وغل کے تناظر میں صدر نشیں نے کارروائی 2 بجے تک کے لیے ملتوی کردی۔×

**RBI-Repo Rate**

بھارتیہ ریزرو بینک RBI کی مالی پالیسی کی کمیٹی MPC نے آج ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہ کرتے ہوئے، اِسے ساڑھے پانچ فیصد پر برقرار رکھا ہے۔

**1400-MPC-Sanjay Malhotra**

جس کے نتیجے میں تجارتی بینکوں سے، حکومت کے ہاتھوں بغیر ضمانت کے، قرض لینے کی سہولت SDF پر شرح، پانچ اعشاریہ دو پانچ فیصد ہوگی اور بینکوں کے ہاتھوں اچانک قرضہ لینے کی سہولت MSF کی شرح، نیز بینک شرح، پانچ اعشاریہ سات پانچ فیصد رہے گی۔

RBI نے مالی سال 2026 کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی شرح ترقی کے بارے میں پیشگوئی کی ہے کہ یہ، بھارتی

درآمدات پر امریکی محصولات کے باوجود، ساڑھے چھ فیصد رہے گی۔
RBI نے مالی سال 2026 کے دوران افراط زَر کے بھی تین اعشاریہ ایک فیصد رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔×

**TB-India Contribution**

بھارت کے ایک اہم مطالعے کی بنیاد پر، TB سے متعلق عالمی پالیسی میں تبدیلی کی گئی ہے۔ عالمی صحت تنظیم WHO نے کہا ہے کہ بھارت کے اِس مطالعے سے، جس میں بتایا گیا ہے کہ TB پر غذائیت کے کافی اچھے اثرات رونما ہوتے ہیں، اِس بیماری سے متعلق عالمی رہنمائی میں تعاون حاصل ہوا ہے۔ TB سردست دنیا میں سب سے زیادہ پھیلنے والی بیماری ہے۔ یہ مطالعہ طبی تحقیق کی بھارتی کونسل ICMR نے جھارکھنڈ میں کیا ہے، جس میں پہلی بار ثبوت پیش کیا گیا ہے کہ اضافی طور پر خوراک لینے سے TB کیسز اور اس بیماری سے مرنے والوں کی تعداد میں، کافی کمی لائی جاسکتی ہے۔ اس دریافت کی بنیاد پر WHO نے TB سے متعلق اپنی عالمی رہنمائی کو تازہ شکل دی ہے۔ ×

**ED - Delhi Noida Road**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ایک عالمی سائبر فراڈ کیس کے سلسلے میں آج دلّی، نوئیڈا، گروگرام اور دہرا دون میں 11 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کررہی ہے۔ ED کے مطابق دھوکہ دہی کرنے والوں نے فرضی پولیس، جانچ افسر اور تکنیکی سپورٹ سروِس کے ایجنٹ بن کر غیر ملکی اور بھارتی شہریوں کے ساتھ دھوکہ دہی کی۔ متاثرہ افراد کو گرفتاری کی دھمکی دی گئی اور اُن سے مالی اثاثے اینٹھ لیے گئے، جسے کرپٹو کرنسی میں بدل دیا گیا۔
تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ ملزموں نے کرپٹو کرنسی میں تقریباً 260 کروڑ روپے کی دھوکہ دہی کی ہے، جسے متحدہ عرب امارات میں مختلف حوالہ آپریٹرس اور افراد کے ذریعے نقد رقم میں بدل دیا گیا۔×

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے، اتراکھنڈ میں اگلے تین دن کے دوران تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِدھر ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، ہریانہ اور مغربی اترپردیش میں آج بھی شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔
موسمیات محکمے نے، کیرالہ کے بعض حصوں میں، انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدِّنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔
ملک کے مشرقی اور مغربی حصوں میں بھی اگلے دو تین دن تک اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ اِن میں مغربی بنگال کا ذیلی ہمالیائی خطّہ، سکّم، بہار، اُڈیشہ، جھارکھنڈ اور گوا شامل ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆